QUETTA ELECTRIC SUPPLY COMPANY (QESCO)
PRESS RELEASE پریس ریلیز
Address: office of the Chief Executive Officer QESCO, Zarghoon Road Quetta Cantt
Phone: +92-81-9201873. E-mail : qescopr@gmail.com

نمبر:کیسکو پی آر 180

صارفین بجلی کی شکایات کیلئے 118 پر فون یا بذریعہ میسج 8118 پر پیغام بھیج سکتے ہیں

کوئٹہ:19 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) صوبہ کے تمام علاقوں میں صارفین کی خدمت اور بجلی فراہمی کیلئے تمام آپریشن سرکلز میں مصروف عمل ہے۔صارفین کی سہولت کے پیش نظر چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو کی ہدایات پر بجلی سے متعلق شکایات کا اندراج اور فوری ازالے کیلئے فیلڈ آپریشن افسران اور ملازمین شب و روز سرگرم ہیں تاکہ کم سے کم وقت میں صارف کے مسائل کا حل یقینی بنائی جا سکے۔اس سلسلے میں کیسکو کے تمام صارفین بجلی سے متعلق اپنی شکایات کے اندراج اور جلد ازالے کیلئے اپنے متعلقہ سب ڈویژن کے ساتھ ساتھ 118 پر براہ راست کال کر سکتے ہیں علاوہ ازیں صارفین اپنی شکایات بذریعہ پیغام (SMS) بھی 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر لکھ کر ارسال کر سکتے ہیں۔جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی اور مختصر وقت میں صارف کی شکایات کا ازالہ کیا جائے گا۔مزید برآں صارفین اپنے رجسٹرڈ شکایات کے ازالے میں میں تاخیر کی صورت میں کیسکو کے اعلیٰ افسران سے بھی رابطہ کر سکتے ہیں جنکے نمبرز صارف کے بجلی بلوں پر درج شدہ ہیں۔جس کے بعد متعلقہ آفیسر شکایت کی نوعیت اور کمپلینٹ نمبر معلوم کر کے فوری کارروائی عمل کرنے کا پابند ہوگا۔

علاوہ ازیں کیسکو انتظامیہ کی جانب سے صارفین کی سہولت کے پیش نظر متعلقہ سب ڈویژنز کے ٹیلی فون نمبروں کے ساتھ ساتھ کیسکو مرکزی کمپلینٹ سیل (فون نمبر 0819201445) بھی 24 گھنٹے آپریشنل ہے جس پر کسی بھی وقت صارفین رابطہ کر کے اپنی شکایات درج کروا سکیں گے۔

لہٰذا کیسکو اپنے تمام صارفین سے اپیل کرتی ہے کہ وہ بجلی کی بندش، بلوں میں درستگی، میٹر ریڈنگ کی غلطی اور بجلی کے نئے کنکشن کی فراہمی سے متعلق کسی بھی شکایات کے سلسلے میں براہ راست 118 پر کال کریں اسکے علاوہ صارف اپنے موبائل سے بذریعہ میسج (SMS) 8118 پر بجلی بل کا حوالہ نمبر درج کر کے اپنی شکایات ارسال کر سکتے ہیں۔جس پر فوری کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

نمبر:کیسکو پی آر 181 بجلی بند رہنے کی اطلاع

کوئٹہ:19 جنوری 2026ء۔۔۔۔۔کوئٹہ الیکٹرک سپلائی کمپنی (کیسکو) کے اعلامیہ کے مطابق کوئٹہ شہر کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی کاموں کے سلسلے میں لائنوں کی شفٹنگ اور کھمبے نصب کئے جا رہے ہیں۔اس سلسلے میں 20 جنوری (بروز منگل) سریاب گرڈ اسٹیشن کے 11kv خیر بخش مری، جائنٹ روڈ، اولڈ لیاقت بازار، غازی، ہزارہ ٹاون، نیو جان محمد اور اولڈ جان محمد فیڈروں سے صبح 10 بجے تا دوپہر 2 بجے بجلی بند رہیگی نیز اسی روز شیخ ماندہ گرڈ اسٹیشن کے 11kv ائیر پورٹ روڈ، دوستین، تکاتو، ادیان، عمر، چشمہ، داریم، فیڈروں سے صبح 10:30 بجے تا دوپہر 2:30 بجے بجلی بند ہوگی۔اسی طرح 21 جنوری کو (بروز بدھ) کوئٹہ سٹی گرڈ اسٹیشن کے 11kv نواں کلی، عالم خان، مالک فیڈرز جبکہ شیخ ماندہ اسٹیشن کے ویسٹرن بائی پاس، جبل نور، خروٹ آباد فیڈروں سے صبح 10:30 بجے سے دوپہر 2:30 بجے تک بجلی بند ہوگی۔علاوہ ازیں 20 جنوری اور 21 جنوری کو (روزانہ) زرغون گرڈ اسٹیشن کے نواں کلی بائی پاس اور صاحبزادہ فیڈرز وں سے صبح 10 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند رہے گی۔اسکے علاوہ مختلف گرڈ اسٹیشن اور ٹرانسمیشن لائنوں پر مرمتی کاموں اور برقی تنصیبات کی ضروری ٹیسٹنگ کیلئے 20 جنوری کو 132Kv بھاگ گرڈ اسٹیشن سے دن 11 بجے سے سہ پہر 3 بجے تک بجلی بند ہوگی نیز 21 جنوری کے روز ٹرانسمیشن لائن پر کام کیلئے 132kv وڈھ گرڈ اسٹیشن سے صبح 9 بجے سے دوپہر 2 بجے تک جبکہ باغبانہ گرڈ اسٹیشن پر چیکنگ اور ٹیسٹنگ کے کاموں کیلئے دوپہر 2 بجے تا شام 6 بجے بجلی کی فراہمی معطل رہے گی تاہم کیسکو نے بجلی بندش سے متعلق صارفین سے پیشگی معذرت اور تعاون کی